بہترین تفریحی فلم

मन मौजी

من موجی

اداکاران

کشور کمار - سادھنا

پران - ناز

ادم

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے من موجی فلم کے

گانا نمبر ۱

مرغے نے جھوٹ بولا مرغے کی چوں چوں ہو گئی
بکری نے جھوٹ بولا بکری کی ٹوں ٹوں ہو گئی
منتر ابن بن بندر، جانے سبھی رو رو مندر
کہتا جو بات بچاری رکھنے وہ یاد ساری
بُرا کبھی نہ دیکھو بُرا کبھی نہ بولو
بات جہاں ہو بُری کان وہاں نہ کھولو
جس نے بُرائی سیکھی اُس کی تو گُوں گُوں ہو گئی
مُرغے نے ———

دلّی کا ایک کوا۔ چڑیا سے اک دن بولا
آؤ پکائیں کھچڑی مل جُل کے کھائیں کھچڑی
چاول کا دانہ میرا۔ مونگ کا دانہ تیرا
لینے گیا وہ پانی چڑیا بھی چور کی نانی
چپکے سے کھا کے دانہ چکی میں کب سٹکا نا
کوے نے چکی پیسی آئی آواز سی۔ سی
چڑیا نے چوری کی تھی چڑیا کی ٹھُوں ٹھُوں ہو گئی

گانا نمبر ۲۔ بُرا لگتا ہے جگ دُنیا کو
اپنی مرضی سے تو جیوں گا میں

میں بھی چال چلوں یا ٹیڑھی، میں من موجی دیوانہ
پھر سے ہیرے میخانے چھوڑوں، بے نوں خالی پیمانہ
جس حال میں ہیں ہوں اچھا ہوں، کیا لینا مجھے دنیا سے
میرا الٹا ہے —

خوشیاں میری غم بھی میرے۔ دنیا کا احسان نہ لوں
بکتا ہے جو بازاروں میں، میں ایسا ایمان نہ لوں
میرا درد مبارک مجھکو، دنیا کی جھوٹی دولت سے
میرا لگتا ہے —

گانا نمبر۲:۔ چندا جا چندا جا رے چندا جا —
کاہے آیا ہے اکیلا، مجھے ماؤں البیلا
میرے پیا کو بھی سنگ لے آ — چندا —
آ تجھ کو پہچان بتا دوں وہ لگتا ہے کیسا
دنیا میں مکھڑے دیکھے اپنا وہ بھی ہو گا ویسا
وہ جو آئے تو بندیا سجا لوں
کالی کالی یہ لٹ بکھرا لوں
میرا اتنا سندیسا دے آ — چندا —
دیکھ اسے کتنا میری نندیا ہو گئی سوتن میری
میرے سنگ سنگ برہن وہ بھی، باٹ تکت ہے تیری
چندا —
چندا دیا تو میری گواہی، ہم دونوں پیار کے راہی
بس اتنا تو ساتھ نبھا — چندا —

گانا نمبر ۴ ۔ ضرورت ہے ضرورت ہے سخت ضرورت ہے
ضرورت ہے —

ان فرنگی کی کلادتی کی ہو اگر ہے جوبنی کی
ضرورت ہے —

حسین ہزاروں بھی میں کھڑے
مگر ہستی پہ لنگر پڑے
ہو زلف گالوں سے کھیلتی
کہ جیسے دن رات سے لڑے
اداؤں میں بہار ہو ۔ نگاہوں میں خمار ہو
تیول میرا پیار رہے تو کیا بات ہے
ضرورت ہے —

جھمک کے کبو جہاں چلے ۔ تو ساتھ میں آسماں چلے
پیٹ کے پتنے بھی پاؤں سے
یہ پوچھتے ہیں کہاں چلے
پیار سے جو کام لے ہنس کے سلام لے
وہ ہاتھ میرا لے تو کیا بات ہے
ضرورت ہے —

گانا نمبر ۵ ۔ میں تو تم سنگ نین ملا کے
ہار گئی سجنا
کیوں جھوٹ سے پریت لگائی
کیوں چھلیے کو میت بنایا

کیوں آندھی میں دیپ جلایا

میں تو تم سنگ ــــــ

سپنے میں جو باغ لگائے
نیند کھلی تو ویرانے تھے
ہم بھی کتنے دیوانے تھے

میں تو تم سنگ ــــــ

نہ ملتی یہ بیرن انکھیاں
چین نہ جاتا دل بھی نہ روتا
کاش کسی سے پیار نہ ہوتا

میں تو تم سنگ ــــــ

گانا نمبر ۶ ــــــ مرغے نے جھوٹ بولا
مرغے کی چوں چوں ہو گئی
بکری نے جھوٹ بولا۔ بکری کی ٹوں ٹوں ہو گئی
دلی کا ایک کوا۔ چڑیا سے اک دن بولا
آؤ پکائیں کھچڑی۔ مل جل کے کھائیں کھچڑی
چاول کا دانہ میرا۔ مونگ کا دانا تیرا ــــــ
لینے گیا وہ پانی۔ چڑیا بھی چور کی نانی
چپکے سے کھا کے دانہ۔ چکی میں کیا ٹھکانہ
کوے نے چکی پیسی۔ آئی آواز سی ایسی
چڑیا نے چوری کی تھی
چڑیا کی سوں سوں ہو گئی

گانا نمبر ۷:- ایک تھا عبدالرحمان
ایک تھی عبدالرحمنیا
اب میں ہوں اک من موجی
تو ہے حیا من موجنیا
سن سن میرے من موجی ۔ میں ہوں تیری سجنیا
تو کر دے ایک اشارہ ۔ میں تجھ پہ لٹا دوں ساری دنیا
میں ہوں دیوانہ آوارا
مجھ کو لوگ کہیں ناکارہ ۔ ذرا سوچ لے
بے سہارے کو بنایا ۔ تینے اپنا سہارا ۔ ذرا۔
میں نے تاج محل کب مانگا
مجھے پیار ملا جب مانگا
سن ننھا سا جہان میرے دل کے
میں ہوں دل سے تیری سا جنیا ۔ ایک تھا۔
راجہ مجھے کانچ کی تو چوڑی لا دے
سونے کے نہ چاندی کے میں مانگوں وعدے
دکھ سکھ تیرے میرے آدھے آدھے ۔ غریبوں کو محبت
زمانے سے نرالی ۔ ارادے بڑے بڑے
اور جیبیں خالی
تو جو پیار سے مجھے دے دے
مجھے پیاری ہے تیری دو نیاں
ایک تھا ــــ

گانا نمبر ۵ - آیا ہے کہاں سے پی کے دیوانے
میری آنکھوں کے بھی دیکھ ذرا میخانے
نشہ ہے تیرا جھوٹا - شرابیں ہیں تیری نقلی
محبت بھی تو نشہ ہے - نشہ بھی سب سے اصلی
لگاتا ہاتھ منہ سے تو - محبت کی جو ہوتی
نظر کو جام بنا کر - سنگھر یتی جو ہوتی
آ - آ - آ تو بھی دے - ہمارے جھوٹے پیمانے
ادھر لا دل کا ساگر - پیار کی مے سے بھر دوں
ابھی تک دیوانہ ہے - تجھے مستانہ کر دوں
قسم ہے تجھ کو میری - نہ کھا یہ جھوٹے دھوکے
محبت کا تو ہو جا - کہاں پھر روز یہ موقعے
آ - آ - آ پیار خود آیا تجھے سمجھانے
آیا ہے کہاں —

اٹھا آنکھوں سے پردہ - نظارے جاگ رہے ہیں
میری معصوم نظر میں اشارے جاگ رہے ہیں
محبت کو نہ ٹھکرا - محبت چیز بڑی ہے
شمع امید لگائے ارے نادان کھڑی ہے
آ - آ - آ دیکھ کیسے جلتے ہیں پروانے
آیا ہے کہاں —

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور مکینک

دستکار اور

ہنر سکھانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	۴/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	۲/-/-
ورکشاپ گائیڈ	۴/-/-	مکمل فوٹو گرافی	۲/۸/-
موٹر گائیڈ	۴/-/-	روشنائی سازی	۲/-/-
کروکی آئیل	۶/-/-	خوبصورت خط	۱/۸/-
تیل عطر سازی	۲/-/-	شیشہ سازی	۲/-/-
گھڑی سازی	۲/۸/-	اچار مربے چٹنی	۱/۸/-
ریڈیو گائیڈ	۴/-/-	باورچی خانہ	۲/۸/-
صابون سازی	۱/۸/-	مجموعہ فالنامہ	۱/-/-
وشکر مادیپن	۶/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	۴/-/-
الیکٹرک وائرنگ	۴/-/-	لکڑی پیمائش چوب	۱/۴/-
خراد شکشا	۳/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	۲/-/-
آئیل انجن گائیڈ	۳/-/-	کاشتکاری باغبانی	۴/-/-
تمباکو کی دوکان	۲/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	۲/-/-
بوٹ پالش بنانا	۲/۸/-	بجلی کا ریڈیو بنانا	۱/۸/-
سینما آپریٹر	۴/-/-	آسان انگلش ٹیچر	۲/-/-

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)